ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔

فون:۔021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 07مارچ2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے ملیر کے علاقہ میں شہریوں کے لیئے پولیس میڈیکل کیمپ کے انعقاد اوراس ضمن میں تمام تر سنجیدہ کاوشوں پر ایس ایس پی ملیر سمیت بلا معاوضہ طبی سہولیات وادویات فراہم کرنیوالے ڈاکٹرز/پیرامیڈیکل اسٹاف کے جذبے کوسراہتے ہوئے شاباش دی ہے۔

تفصیلات کیمطابق سبزی منڈی کے اطراف کے مکینوں کے لیئے سندھ پولیس اورتاجران سبزی منڈی کے باہم اشتراک سے ایک روزہ میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔میڈیکل کیمپ کے تحت تین سو سے زائد افراد جس میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں کا مفت طبی معائنہ کیا گیا اور تشخیص کردہ ادویات کی بھی بلا معاوضہ فراہمی کویقینی بنایا گیا۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔